سوال

(270)جمعرات کو نماز مغرب میں سورۂ کافرون ، سورۂ اخلاص والی حدیث

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعرات کو نماز مغرب میں سورۂ کافرون ، سورۂ اخلاص والی حدیث کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے اور وہ مغرب کی نماز میں پڑھنے کا کیا حکم ہے ؟ (حافظ خالد محمود، رینالہ خورد)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ دو سورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ مغرب کے بعد والی دو سنتوں 2 اور فجر کی سنتوں میں پڑھا کرتے تھے ۔[آپ صلی اللہ علیہ وسلمفجر کی سنتوں کی پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھتے ۔]3جمعرات کو مغرب کے فرضوں میں ان کا پڑھنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ۔ جو روایت پیش کی جاتی ہے وہ معلول ہے ۔ ۸ ۹ ۱۴۲۳ھ

3 مسلم صلاۃ المسافرین باب استحباب رکعتی سنۃ الفجر

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد04